# Public School

# The Brooklyn School



## دستی کتابچہ برائے اہلِ خانہ

## 2024-2023

**2017 نیلا ربن موصول کنندہ**

T-35937 (Urdu)

محترمی پبلک اسکول 748 متعلمین کمیونٹی،

بروکلن اسکول آف گلوبل اسکولرز کے بانی پرنسپل کے حیثیت سے، میں چاہتی ہوں کہ آپ کا ایک نئے تعلیمی سال کے آغاز کرنے پر خیر مقدم کروں۔ ہماری والدین، طلبا اور اساتذہ ایک ایسے اسکول کا ماحول تخلیق کرنے کے لیے پُرعزم ہیں جس میں"مکمل بچے" کے تصور کو اپنایا جائے اور طلبا کی سماجی، جذباتی اور تعلیمی ضروریات پوری کی جائیں۔

پبلک اسکول 748 طلبا کو ایک ایسی تعلیم کی پیشکش کرتا ہے جو انہیں مختلف مضامین، عنوانات اور رجحانات سے روشناس کراتے ہیں تاکہ انٰ کے اندر چھپی ہوئی صلاحیتوں کو اجاگر کیا جائے اور ساتھ ہی اس طریقئہ کار سے خود احترامی کو فروغ دیا جائے۔ ہم وہ اسکول ہے جہاں طلبا کی تعلیم، انفرادیت اور کردار پر خوشی منائی جاتی ہے۔

دی بروکلن اسکول فار گلوبل اسکالرز میں ہمارا نصب العین یہ ہے کہ "آج تعلیم حاصل کریں، کل قیادت کریں"۔ ملکر ہم یہ یقینی بنا سکتے ہیں کہ تمام طلبا بین الاقوامی شہری بننے کے قابل بن سکتے ہیں اور (ضرور) بن جائیں گے۔

اس موضوع کو ذہن میں رکھتے ہوئے، ہمارے اہداف میں ایک ایسے نصاب کے ذریعے جسکی بنیاد اگلی نسل کے معیارات پر مبنی ہو طالب علم کی کامیابی کو فروغ دیا جانا شامل ہے جس سے ایک سماجی اور جذباتی نصاب کو ہمارے "Bucket Fillers" پروگرام کے ذریعے اسکول، گھر اور کمیونٹی میں شراکت داری قائم کی جائے۔

ہمیں یقین ہے کہ ہمارے تمام طلبا تعلیم کے لیے بہترین مواقع اور تدریسی حالات فراہم ہوجانے کے بعد تعلیم حاصل کر سکتے ہیں اور (ضرور) کرینگے۔

تمام طلبا کی کامیابی کو حکمت عملی کے ساتھ منصوبہ بندی پر گامزن،

Ursula Annio،
بانی پرنسپل

Jennifer Guido
نائب پرنسپل

# The Brooklyn School for Global Scholars


Public School 748
1664 Benson Avenue
Brooklyn, New York 11214
(718) 382-3130 Fax (718) 382-3140

**Ursula Annio**
بانی پرنسپل

**Jennifer Guido**
نائب پرنسپل

**Donna Salerno**
والدین رابطہ کار،
DSalerno4@schools.nyc.gov


**جدید معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں!**

**PS748scholars.com**

# 2024/2023 اسکول کیلنڈر جاری

| | |
|---|---|
| جمعہ، 29 مارچ<br>پیر، 1 اپریل، | ایسٹر ہفتہ اتوار<br>اسکول بند ہوگا |
| 10 اپریل | عید الفطر<br>**اسکول بند ہوگا** |
| پیر، 22 اپریل<br>منگل، 30 اپریل | موسم بہار کا وقفہ<br>**اسکول بند ہوگا** |
| جمعرات، 9 مئی | والدین استاد کی شام / گریڈ کانفرنس |
| پیر، 27 مئی، | میموریل ڈے<br>**اسکول بند ہوگا** |
| جمعرات، 6 جون، | چانسلر کی کانفرنس کا دن<br>**طلبا کے لیے اسکول نہیں ہو گا** |
| جمعہ، 7جون | کلیریکل ڈے<br>**طلبا کے لیے اسکول نہیں ہو گا** |
| پیر، 17 جون | عید الاضحی<br>**اسکول بند ہوگا** |
| بدھ، 19 جون | جونیتیتھ<br>**اسکول بند ہوگا** |

# دی بروکلن اسکول فار گلوبل اسکالرز میں خوش آمدید

دی بروکلن اسکول فار گلوبل اسکالرز میں ہمارا نصب العین یہ ہے کہ تمام طلبا کو بین الاقوامی برادری میں سرگرم شراکت دار بنانے کے لیے تیار کرے۔ ہمارے طلبا مثبت ثقافت اور ایک مستحکم تعلیمی ماحول کے ذریعے اعتماد اور خُود توقیری کو فروغ دیتے ہیں۔ ایک اسکول کمیونٹی کے طور پر، ہمارا ہدف ہے کہ طالب علم کی تعلیم، سماجی اور جذباتی شعبوں میں کارکردگی کو بڑھایا جائے جو تمام بچوں کو 21 صدی میں منفعت بخش اور کچھ دینے کے قابل بناتے ہیں۔

PS 748 میں ضلعی نصاب کے طور پر گریڈز K-5 میں HMH Into Reading پروگرام، گریڈز K-3 میں فنڈیشنز، گریڈز 3-5 میں اینوژن، K-5 میں پاسپورٹ ٹو سوشل اسٹڈیز، اور K-5 میں ایمپلیفائی سائنس نافذ کیا جا رہا ہے۔ اسکے علاوہ، ہم ہمارے طلبا کو کالج اور طرز معاش کی تیاری کرانے کے لیے، پروجیکٹ پر مبنی تعلیم کو پاسپورٹ ٹو سوشل اسٹڈیز اور ہمارے سِوکس فار آل آغازِ تحریک کو ملا کر جاری رکھنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں اور ساتھ ہی ہم روزمرّہ کے مسائل اور اصل دنیا میں رہتے ہوئے کام کرنے کے ماحول پر تحقیق کر رہے ہیں۔

ہم ہمارے اسکول گیر تقویتی نمونے کو بھی جاری رکھیں گے جس میں طلبا ایک پروجیکٹ پر مبنی ترتیب میں رہتے ہوئے اپنے ہمسروں کے ساتھ اپنی دلچسپیوں اور کام کو تلاش کرنا جاری رکھ سکتے ہیں۔ یہ ایک نمونے کے طور پر بھی کام کرتا ہے جو سماجی-جذباتی صلاحیتوں کو فروغ دیتا ہے اور اور تمام طلبا کے لیے انکے پس منظروں، ثقافت، قابلیتوں اور جنس کی بنیاد پر مشمولاتی ہے۔ اسکے علاوہ، ہم گریڈز 3-5 میں شعبہ جاتی تعلیم پر بھی کام کر رہے ہیں۔

ہمارے اسکول گیر تقویتی پروگرام طلبا کو نئی دلچسپیوں سے روشناس کراتے ہیں اور انہیں اہم صلاحیتیں اور واقفیت فراہم کرتے ہیں۔ یہ پروگرام طلبا کو اس بدلتی ہوئی دنیا کی تیاری کرنے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے اور ساتھ ہی انکو اپنے آپ کو منفرد طریقوں سے اظہار کرنے کے قابل بناتا ہے۔

پیشہ ورانہ تعلیم ایک ایسی اسکول برادری تخلیق کرنے کے ہمارے طریقِ کار کا مرکز ہے جس میں اساتذہ اور طلبا کی تربیت کی جاتی ہے اور ہماری PS 748 اسکول کمیونٹی کی کامیابی کو یقینی بناتی ہے۔

## روزمرہ کا معمول

طالب علم کے اوقاتِ کار

**پیر تا جمعہ**

صبح 8:00 سے دوپہر 2:10 بجے

**آمد**

**ناشتہ ان اوقات کے درمیان پیش کیا جائیگا**

**صبح 7:30 — صبح 7:45**

ناشتے کے لیے کیفیٹیریا کے درواز ے صبح 7:30 بروقت فوراً کھل جائیں گے اور صبح 8:00 بجے تک کھلے رہیں گے۔ تمام طلبا اس عمارت میں بَینسن ایوینیو پر کیفیٹیریا کے ذریعے داخل ہونگے۔ صبح 7:45پر گریڈز 5-1 کے طلبا اپنی مقرر کردہ آمد کی جگہ پر جائیں گے اور کنڈرگارٹن اساتذہ اپنے طلبا کو اس کیفیٹیریا سے لیکر جائینگے۔

**چُھٹی**

کنڈرگارٹن اور دوسرا گریڈ: 17th Avenue Courtyard

گریڈ 1: Benson Avenue اور 17th Avenue کا کونہ

گریڈز تین، چار اور پانچ: Bay 14th Street

**تمام طلبا جنہیں وقت پر نہیں لے جایا گیا انہیں مرکزی دفتر لایا جائیگا۔**

**تمام طلبا جنہیں اس دفتر سے تاخیر سے لے جایا گیا، انہیں لازماً سائن آوٹ کرنا ہوگا اور ہنگامی رابطہ کارڈز (نیلے کارڈز) میں سے کوئی فرد لیکر جائیگا۔**

**اگر کسی ہنگامی وجہ یا نادیدہ صورت حال کی وجہ سے آپ جانتے ہیں کہ دیر سے پہونچے گے، براہِ کرم اس مرکزی دفتر کو کال کر دیں۔**

## 2023-2024 تعلیمی سال کیلنڈر

| | |
|---|---|
| جمعرات، 7 ستمبر، | اسکول کا پہلا دن |
| جمعرات، 14 ستمبر | PTA اجلاس دوپہر 2:30 بجے<br>"استاد سے ملیں" سہ پہر 3:00 - شام 5:30 بجے |
| پیر، 25 ستمبر | یوم کیپور<br>**اسکول بند ہوگا** |
| پیر، 9 اکتوبر | اطالوی ثقافت / آبائی افراد کا دن<br>**اسکول بند ہوگا** |
| جمعرات، 2 نومبر | PTA اجلاس سہ پہر 4 بجے<br>والدین اساتذہ کانفرنسیں<br>آدھا دن 11:10 بجے چُٹھی |
| منگل، 7 نومبر | انتخابات کا دن<br>طلبا اسکول نہیں آئیں گے |
| جمعرات، 23 نومبر<br>جمعہ، 24 نومبر | تھینکس گیوینگ<br>**اسکول بند ہوگا** |
| پیر، 25 دسمبر،<br>پیر، 1 جنوری | موسمِ سرما تعطیلات<br>**اسکول بند ہوگا** |
| پیر، 15جنوری | ریو ڈاکٹر مارٹن لوتھر کنگ جونئر ڈے<br>**اسکول بند ہوگا** |
| پیر، 19 فروری- جمعہ، 23 | فروری وسط سرما تعطیلات<br>**اسکول بند ہوگا** |
| جمعرات، 7 مارچ | PTA اجلاس<br>4:00 بجے والدین استاد کانفرنس<br>**آدھا دن 11:10 بجے چھٹی** |

## ہنگامی رابطہ کارڈز / جلد چُھٹی

تمام طلبا کو محکمئہ تعلیم کے دو ہنگامی کارڈز دیے جائیں گے۔ برائے مہربانی کارڈز کو مکمل کر کے فوراً واپس کریں۔ آپ کے رابطہ فرد کے پاس حالیہ فون نمبرز لازماً ہونا چاہئیے۔ برائے مہربانی اپنے حالیہ پتے اور فون نمبرز سے اسکول کو مطلع رکھیں کیونکہ کبھی کبھار ہنگامی صورت حال ہوجاتی ہے جس میں ایک والدین / سرپرست کی توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہنگامی رابطہ کارڈز کو مرکزی دفتر، طبی کمرہ اور اس بچے کے کلاس روم کی فائل میں رکھا جاتا ہے۔ یہ ضروری ہے کہ ان کارڈز پر درست اور تازہ ترین معلومات درج ہوں۔

**اگر آپ اپنا فون نمبر تبدیل تبدیل کرتے ہیں برائے مہربانی مرکزی دفتر آکر اس نیلے کارڈ میں تجدید کرنے کو اولیت دیں۔**

### برائے مہربانی ذہن میں رکھیں یہ حفاظتی مقاصد کے لیے ہے:

- صرف آپ کے بچے کے نیلے کارڈ پر موجود افراد کو ہی آپ کے بچے کو گھر لیجانے کی اجازت دی جائیگی، کیونکہ ہم فون پر کوئی زبانی اجازت قبول نہیں کرتے۔
- والدین کے علاوہ کوئی اور فرد جو لیکر جا رہا ہے، اس بچے کو سائن آوٹ کر کے اسکول سے جلدی نہیں لیکر جاسکے گا، گوکہ انکا نام نیلے کارڈ پر موجود ہے۔ جلدی لیکر جانے کے لیے ہمیں والدین کی جانب سے ایک تحریری اجازت مطلوب ہے۔
- صرف والدین یا قانونی سرپرست ہی اس کارڈ پر کسی فرد کا اضافہ کر سکتے ہیں۔
- ہم کسی بھی طالب علم کو نیلے کارڈ پر درج ایسے فرد کے ساتھ جانے **نہیں** دیں گے جس کے پاس معقول شناخت نہیں ہو گی۔
- طلبا کو کسی نابالغ فرد کے حوالے نہیں کیا جائیگا **(کوئی بھی فرد جسکی عمر 18 سے کم ہو)**
- تمام طلبا جنھیں مرکزی دفتر سے لے جایا جا رہا ہے انہیں لازماً سائن آوٹ کرنا ہوگا۔
- اگر آپ کو لیکر جانے میں دیر ہونے والی ہو، برائے مہربانی اس اسکول سے رابطہ کریں۔

### اسکول کا تحفظ / مہمان

ہماری تمام اسکول کمیونٹی کے تحفظ کو یقینی بنانے کے خاطر، اس عمارت میں داخل ہونے کے لیے، مہمان حضرات کو تصویری شناخت اسکول حفاظتی اہلکار کو **لازماً** دکھانا ہوگی اور اس ڈیسک پر سائن ان کرنا ہوگا۔



## اسکول بسیں

صرف اہلیت کے حامل طلبا ہی کو اسکول بس میں جانے کی اجازت ہے۔ گریڈز **K-2** کے بچے جو اسکول سے 1/2 میل پر اور گریڈز 3-5 کے طلبا جو 1 میل یا اس سے زائد فاصلے پر رہتے ہیں بس خدمات کی اہلیت رکھتے ہیں۔ برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ ہر روز بس اسٹاپ پر ایک بالغ فرد آپ کے بچے کو لیکر جانے کے لیے وہاں موجود ہو۔
برائے مہربانی متوجہ ہوں، ڈرائیور کسی بس اسٹاپ پر انتظار نہیں کر سکتے، کیونکہ انہیں لینے اور چھوڑنے کے لیے ایک شیڈیول پر عمل کرنا ہوتا ہے۔ برائے مہربانی اپنے بچے کو بس تحفظ کی یاد دہانی کرائیں۔ تمام بچوں کو بس چلنے کے دوران اپنی نشستوں پر حفاظتی بیلٹ لگا کر بیٹھے رہنا چاہیئے۔ ہماری بس تحفظ کی مشقوں کے دوران، طلبا کو طرزعمل کی بھی یاد دہانی کرائی جاتی ہے، اور یہ کہ ہنگامی صورت میں انہیں کیا کرنا چاہیئے۔ طلبا پر تمام بس حفاظتی قوانین اور ضابطوں کا اطلاق ہوتا ہے جیسے کہ چانسلر کے ضابطے A-801 میں خاکہ کش کیے گئے ہیں۔

**اگر کسی روز آپ کا بچہ اسکول بس میں سفر نہیں کر رہا ہے، استاد کو ایک تحریری خط لازماً جمع کرانا ہوگا یا مرکزی دفتر کو فون کے ذریعے اس دن دوپہر 12 بجے تک لازماً مطلع کرنا ہوگا۔ برائے مہربانی کسی سے براہ راست بات کرنا یقینی بنائیں، اور کوئی وائس میسیج نہ چھوڑیں، کیونکہ ہو سکتا ہے کہ بس کو لینے کے لیے یہ پیغام بروقت نہ پہنچ سکے۔**

Ms. Quintana بس رابطہ کار ہیں اور ان سے (718) 382-3130 ایکسٹینشن 1042 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے یا MQuintana@schools.nyc.gov **پر ای میل کریں۔**

## لنچ کے طریقہ ہائے کار

گریڈز 3، 4 اور 5 : صبح 11:00 — صبح 11:50
گریڈز **K، 1** اور 2 صبح 11:50 — دوپہر 12:40

**ہر روز، اگر موسم اجازت دے، طلبا باہر جاکر آدھی چُھٹی میں لطف اندوز ہو سکیں گے۔ برائے مہربانی انہیں (موسم کی) مناسبت سے کپڑے پہنائیں۔**

## لنچ فارم

تمام NYC پبلک اسکولز کے طلبا کا مفت ناشتے اور کھانوں کے لیے خیر مقدم کیا جاتا ہے۔ ان کھانوں کو حاصل کرنے کے لیے والدین / سرپرست کو درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ، ہم والدین سے کہیں گے کہ ایک اہل خانہ کی آمدنی کا تفتیشی فارم مکمل کریں تاکہ ہمارا اسکول اپنے پروگرام اور دیگر معاملات کے لیے سرمایہ کاری حاصل کر سکے۔ آپ یہ فارم مختلف زبانوں میں آن لائن **www.myschoolapps.com** پر مکمل کر سکتے ہیں معاونت کے لیے اسکول کو کال کریں یا تشریف لائیں۔

Ms. Chilelli لنچ رابطہ کار ہیں (718) 382-3130 ایکسٹینشن 1032 **پر یا** LChilelli@schools.nyc.gov پر ای میل کے ذریعے رابطہ کریں۔

## اسنیک

کنڈرگارٹن میں طلبا کو صبح دیر سے اسنیک دیا جائیگا۔ بچوں کو روزانہ ایک صحت مند اسنیک لازماً ساتھ لانا ہوگا۔ ہم اہل خانہ کی پُرروز حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ غذائیت سے بھرپور کھانے بھیجیں جیسے پھل، سبزی، کریکرز اور پنیر، دہی، پرٹزلز وغیرہ (کوئی کینڈی، کوکیز، چپس وغیرہ نہیں)۔ کھانوں سے الرجی کے حامل بچے اپنے سنیکس ساتھ لائیں۔

## والدین کی شمولیت

دی بروکلن اسکول فار گلوبل اسکالرز گھر اور اسکول کے درمیان کھلے رابطے پر یقین رکھتے ہیں۔ کسی بھی وقت اگر آپ کو اپنے بچے سے متعلق کوئی بھی مسائل یا خدشات ہیں ، برائے مہربانی سب سے پہلے اپنے بچے کے استاد سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کو مزید معاونت کی ضرورت ہے، آپ ذیلی عملے کے اراکین سے رابطہ کر سکتے ہیں:

Ms. Salerno، والدین رابطہ کار
ایکسٹینشن 1043
DSalerno4@schools.nyc.gov
Ms. Macca، رہنما مشیر
ایکسٹینشن 12075
SMacca@schools.nyc.gov.
Ms. Gonzalez
اسکول سماجی کارکن
ایکسٹینشن 12054
Lgonzalez82@schools.nyc.gov

برائے مہربانی ہماری **والدین اساتذہ کی انجمن** میں شامل ہونے پر غور کریں جس کی وجہ سے آپ کو اسکول کی سرگرمیوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات رکھنے کا موقع ملیگا اور آپ کو اپنے بچوں کو یہ دکھانے کا موقع ملیگا کہ آپ انکی تعلیم میں ہماری اسکول کمیونٹی کے ایک سرگرم رکن کی طور پر شریک ہیں۔ اس تعلیمی سال کے دوران، PTA طلبا کی کئی تقریبات اور ثقافتی فنون کے پروگرام میں معاونت اور نصاب میں تقویت فراہم کرنے کے لیے سرمایہ جمع کرنے کی مہم چلائیگی۔ PTA تمام والدین / سرپرستوں / جدّی والدین کو رضاکاری کرنے کے لیے خوش آمدید کرتے ہیں اور آپ کی اپنی خوشی سے اپنا وقت دینے کی قدر کرتے ہیں۔ برائے مہربانی ہمارے ساتھ شامل ہوں!

PTA 2024/2023 انتظامی بورڈ اراکین
Sana Obeid – صدر
Winsome Taik - ریکارڈنگ سیکریٹری
Eve Chan - خزانچی

PTA سے رابطے کے لیے یہاں ای میل کریں:
ps748ptaboard@gmail.com

## کھوئی اور پائی جانے والی اشیأ

**کھوئے اور پائے جانے والی اشیاء آڈیٹوریئم میں ہوتی ہیں۔** تمام کپڑوں، بستوں، لنچ باکسز، اور کتابوں پر بچے کے نام اور کلاس کا لیبل لگا ہونا لازمی ہے۔ براہ کرم کھوئی اور پائی جانے والی اشیا کی جانچ بروقت کریں۔ ہر مہینے کے آخر میں، تمام لا دعویٰ اشیاء عطیہ کر دی جائینگی۔

## انعامات

ہم اپنے طلبا کی کامیابیوں کا جشن منانے پر یقین رکھتے ہیں۔ ہم "Bucket Filler" اور "A.C.E." دیا کرینگے۔ ماہانہ اسمبلیوں میں انعامات دیے جائینگے۔
برائے مہربانی شرکت کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں۔

## ہوم ورک پالیسی

ہوم ورک اسکول میں دی جانے والی تعلیم کی ایک توسیع ہے۔ ہوم ورک ایسی مشق فراہم کرتا ہے جو کلاس روم تعلیم کو مستحکم بناتی ہے اور خود مختاری کے ساتھ تدریس، تحقیق اور تخلیقی سوچ کے مواقع فراہم کرتی ہے۔ والدین اپنے بچے کو کام کرنے کے لیے ایک خاموش، آرام دہ جگہ فراہم کرکے انکی مدد کر سکتے ہیں۔ والدین کو چاہئیے کہ دیے گئے تفویضات کی نگرانی کریں اور انہیں مکمل کرنا یقینی بنائیں۔ برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ آپ نے تمام ہوم ورک کی جانچ کر لی ہے اور دستخط کر دیے ہیں۔

ہر گریڈ سطح کے لیے روزانہ کی بنیاد پر ذیلی رہنما خطوط کی تجویز دی جاتی ہے:

| | |
|---|---|
| **کنڈرگارٹن** | 15-10 منٹ |
| **گریڈز 1 اور 2** | 30 منٹ |
| **گریڈز 3، 4 اور 5** | 40 منٹ |

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے بچے کو مندرجہ بالا دیے گئے اوقات سے زیادہ وقت لگتا ہے، برائے مہربانی انکے استاد سے بلا جھجک رابطہ کریں۔

## سالگرہ تقریبات

K-2 میں سالگراہیں صرف کلاس روم میں دوپہر 1:45 بجے ہی منائی جا سکتی ہیں۔ تدریسی وقت میں زیادہ سے زیادہ اضافہ کرنے اور مداخلت کو کم سے کم کرنے کے لیے، کلاس روم استاد سے قبل از وقت اجازت حاصل کریں۔ گریڈز 3، 4 اور 5 میں سالگراہیں مہینے میں ایک مرتبہ منائی جاتی ہیں۔ برائے مہربانی اپنے بچے کے استاد سے صلاح و مشورہ کریں۔

**برائے مہربانی متوجہ ہوں، ہم اس کی اجازت نہیں دینگے کہ بہن بھائیوں کو تدریس میں سے نکال کر پارٹیز میں شریک کیا جائے۔**

## ہنگامی مشقیں

انخلاء کی مشقیں، پناہ لینے، لاک ڈاون مشقیں اور اپنی جگہ پر رکے رہنے کی مشقیں باقاعدہ وقفوں کے ساتھ کی جاتی ہیں۔ طلبا کو کسی ہنگامی صورت حال کے موقع پر ضروری احتیاطی تدابیر سکھائی جاتی ہیں اور اس مشق کے دوران مناسب طرزعمل استعمال کرنا سکھایا جاتا ہے۔

## طبی کمرے کا طریقئہ کار

تیسری منزل پر واقع طبی دفتر میں فرسٹ ایڈ (اول طبی مدد) دی جاتی ہے۔ جب نرس بچے کو دیکھ لیگا والدین سے یا تو فون یا پھر خط کے ذریعے رابطہ کیا جائیگا (اسکا انحصار بیماری کی شدت پر ہے)۔ محکمئہ تعلیم کی پالیسی کے مطابق، طلبا کو اسکول نرس کی جانب سے صرف اس صورت میں دوائی دی جائیگی اگر **دوائیاں دینے کے فارم 504** مکمل کر لیا گیا ہے اور فائل میں موجود ہے۔ یہ فارم ہر اس بچے کے لیے ہے جسے اسکول کے اوقات کے دوران دوائی دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ **بچے کو کسی بھی صورت میں اسکول میں دوائی ساتھ رکھنے کی اجازت نہیں دی جائیگی۔**

اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں تو برائے مہربانی ہماری اسکول نرس سے روم نمبر B301 میں بلا جھجک رابطہ کریں۔ آپ 3130-382 (718) ایکسٹینشن 3012 پر کال کر سکتے ہیں۔

## سیل فون پالیسی

**سیل فون کو آن یا استعمال نہیں کیا جاسکتا:** تدریسی اوقات، یا اسکول دن کے دوران۔

**سیل فون کو صرف استعمال کیا جا سکتا ہے:** بعد از اسکول یا اسکول کی سرمایہ کاری کے ذریعے ہونے والی سرگرمیوں کے مکمل ہونے کے بعد۔

برائے مہربانی متوجہ ہوں کہ کسی بھی قسم کی **اسمارٹ گھڑیوں** کو بھی سیل فون ہی سمجھا جاتا ہےاور تدریسی دن کے دوران انکی اجازت نہیں ہے۔

**سیل فون کے بارے میں مکمل پالیسی تعلیمی سال کے آغاز پر تقسیم کی جائیگی۔**

## این وائی سی **پبلک اسکولز ویب سائٹ**
## (www.schools.nyc.gov)

برائے مہربانی مکمل اور اہم معلومات کے ایک ذخیرے تک آسانی سے رسائی حاصل کرنے کے لیے این وائی سی پبلک اسکولز کی خاندان دوست ویب سائٹ پر جائیں۔ اسکول لائف کے نیچے ویب سائٹ پر، آپ قوانین اور پالیسیوں کے بارے میں جیسے کہ چانسلر کے ضابطوں، ضابطہء انضباط، والدین کے حقوق کی قرارداد اور اعداد و شمار کی رازداری اور تحفظ کے حقوق کی قرارداد کی معلومات تلاش کر سکتے ہیں۔ **انگریزی زبان کے متعلمین** اور ساتھ ہی ہماری **خاص تعلیم کمیونٹی** کی معاونت کے لیے بھی معلومات موجود ہیں۔ اس سائٹ پر، آپ نقل وطن خاندانوں کے بارے میں معاونت کی معلومات بھی تلاش کر سکتے ہیں، اور یقینی بنا سکتے ہیں کہ ہمارے تمام خاندانوں کو انکے حقوق کا علم ہو۔ اسکے علاوہ، اس ویب سائٹ پر آپ اندراج، بس، اسکول مینو، حاضری، صحت اور بہبود اور مزید بہت کچھ کے بارے میں معلومات تلاش کر سکتے ہیں۔ اس ویب پیج کے اوپر کی جانب، منتخب کرنے کے لیے کئی مختلف زبانیں موجود ہیں۔ اسکی وجہ سے اہل خانہ کو موقع مل سکتا ہے کہ اس ویب پیج کو اپنی گھریلو زبان میں دیکھ سکیں۔ اس ویب سائٹ کو تمام خاندانوں کی رسائی اور معاونت کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔

PS 748 کے پاس فون پر ترجمانی کے لیے Language Line تک رسائی موجود ہے۔ کسی بھی وقت ہم اسکو اپنے کسیرالسانی والدین برادری کو 350 زبانوں اور اسلوبِ کلام میں رابطہ کرنے کے لیے استعمال کرنے کے قابل ہیں۔ آپ مرکزی دفتر تشریف لاکر ترجمانی کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں۔ ہمیشہ کی مانند، اگر آپ کے کوئی سوالات یا خدشات ہوں، تو ازراہِ کرم بلا جھجک رابطہ کریں۔

برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ آپ کی ہنگامی صورت میں رابطے کی معلومات تازہ ترین ہیں۔ اپنے نیو یارک شہر اسکولز اکاونٹ (NYCSA) پر سائن ان کریں۔ تمام طلبا کے لیے یہ ضروری ہے کہ انکا ایک NYCSA اکاونٹ کھلا ہوا ہو، کیونکہ تمام اہم دستاویزات، گریڈز اور حاضری ریکارڈز یہاں پر موجود ہیں۔ آپ والدین یونیورسٹی سے رابطہ کرنے کے لیے بھی اپنے NYCSA اکاونٹ پر لاگ ان کر سکتے ہیں۔ والدین یونیورسٹی آپکو اپنے بچے کی تعلیم میں بطور ایک بااختیار حمایتی اور شراکت دار بنانے کے لیے تشکیل دی گئی ہے۔

کیا آپ کا کوئی اکاؤنٹ نہیں ہے؟ اپنا پاس ورڈ بھول گئے؟ سوالات ہیں؟
برائے مہربانی ہمارے والدین رابطہ کار، Ms. Salerno سے Dsalerno4@schools.nyc.gov پر رابطہ کریں یا 3130-382 (718) ایکسٹینشن 1043 پر کال کریں۔

### حاضری

چانسلر کے ضابطے A-210 کے مطابق، ہمارے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ کوئی بچہ اسکول سے کیوں غیرحاضر ہے۔ لہٰذا، والدین سے کہا جاتا ہے کہ اپنے بچے کے استاد کے پاس ایک نوٹ جمع کرائیں جس میں اسکول سے غیر حاضری کی وجہ لکھی ہونی چاہئیے۔ برائے مہربانی توجہ کریں غیر حاضری نوٹس ریکارڈز میں رکھنے کے لیے ہوتے ہیں۔ اگر آپ کا بچہ دو دن سے زیادہ غیرحاضر ہوگا، برائے مہربانی کال کریں اور ہمارے علم میں لائیں۔ اسے بھی ذہن میں رکھیں کہ اسکول ٹھیک صبح 8:00 بجےشروع ہو جاتا ہے اور جو بچے اس وقت کے بعد آئیں گے انہیں باضابطہ تاخیر سے آنا درج کیا جائیگا۔

**برائے مہربانی توجہ کریں کہ غیر حاضری اور تاخیر سے آنے کا عکس آپ کے بچے کی رپورٹ کارڈ پر درج ہوتا ہے۔**

Mrs. Fallon حاضری رابطہ کار ہیں اور ان سے 3130-382 (718) ایکسٹینشن 11035 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے یا TFallon@schools.nyc.gov پر ای میل کر سکتے ہیں۔

**اچھی حاضری کے فوائد:**

1. اچھی حاضری اور تعلیمی کامیابی ساتھ ساتھ چلتی ہے۔
2. اسکول میں حاضری کو ایک ترجیح بنانے سے آپ بچے کو بہترین کام کرنے اور پڑھائی کرنے کی عادات اپنانے میں بھی مدد مل دے سکتے ہیں۔
3. روزانہ اسکول جانا طلبا کو مستقبل کی ذمہ داریوں کے لیے تیار کرتا ہے۔
4. یہی بات وقت پر اسکول آنے کے لیے بھی درست ہے۔ جب والدین روزانہ اسکول بروقت آنے کی اہمیت کی تلقین کر رہے ہوتے ہیں وہ ایک قابل قدر سبق دے رہے ہوتے ہیں ۔

تمام طلبا سے 90% حاضری کی توقع کی جاتی ہے۔
یہ صرف 9 دن کی منظور شدہ غیر حاضریوں کے برابر ہے۔

## تاخیر سے آنے والے تمام طلبا کو مرکزی داخلے سے لانا لازمی ہے تاکہ ایک تاخیری پاس مکمل کیا جائے اوراس پر والدین / سرپرست کے دستخط ہونے چاہئیں۔